| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ث‘ | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ث‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ صوتی آواز اور،اس سے شروع ہونے والے (دوالفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں ’’کوحروف تہجی اُردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف اتاٹ کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>تصاویر فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ث‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ث‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کوحرف ’ث‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ث‘ ہے۔ ’ث‘ حروف تہجی کا ساتواں حرف ہے۔ ث کے اوپر تین نقطے آتے ہیں اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ ’ث‘ کی صوتی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ث‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ث‘ کے ذخیرہ الفاظ (ثمر، ثابت، ثلث) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کوحرف ’ث‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کران کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کوحرف ’ث‘ کی کٹ آوٹ دی جائے گی۔ بچوں کورنگین کاغذ جو چھوٹے ٹکڑوں میں کٹا ہوگا چسپاں کرنے کو کہا جائے گا بچوں سے ’ث‘ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ ایک بڑا فلیش کارڈ بمعہ اشیاء کمرے کے ایسے حصے میں لگایا جائے گا جو بچوں کی پہنچ میں ہوتا کہ بچے دو انگلیوں کی مدد سے اس کو ٹریس کرسکیں۔ ہر بچے کو ایسا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ | 20 منٹ | حروف ث<br>(کٹ آوٹ)<br>(رنگین کاغذ<br>چھوٹے ٹکڑوں<br>میں کٹا ہوا) گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ث‘ کی آواز پوچھی جائے گی۔ حرف ’ث‘ پر کتنے نقطے آتے ہیں حرف ’ث‘ کس حرف کے بعد آتا ہے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ث' کی پہچان سکیں، صوتی آواز ، اس سے شروع ہونے والے (دو الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ث' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور تصویر کے فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ث' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ث' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ثریا کی گڑیا نہانے لگی نہانے لگی ڈوب جانے لگی<br>بڑی مشکل سے بچایا اُسے کنارے پہ میں کھینچ لایا اسے<br>حرف 'ث' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 16 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ث' پر انگلی پھیریے۔ ث سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور ث کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**ث سے ثمر:**<br>بچوں سے مختلف پھلوں کے کٹ آوٹ میں رنگ بھروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا 'ث' سے ثمر ثمر پھلوں کو کہتے ہیں۔ چارٹ پیپر کو ٹوکری کی شکل میں کاٹ کر ان پھلوں کو ٹوکری پر چسپاں کیا جائے گا اس سرگرمی کے لیے بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 16<br>مختلف پھلوں کے کٹ آوٹ<br>چارٹ پیپر رنگین پنسل گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ثمر' ثابت' ثلث کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>گھر کا کام: دیئے گئے حروف میں 'ث' کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ُث‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ُحرف ُث‘ کی پہچان سکیں‘صوتی آواز ، اس سے شروع ہونے والے (چارالفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ُث‘ کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ ُث‘ کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ُث‘ کی کہانی سنیں گے۔ ثانیہ کو اس کی امی نے انڈے لانے کے لیے بھیجا جب وہ گھر آئی تو دیکھا کہ تمام انڈے ٹوٹ چکے ہیں وہ بہت حیران ہوئی کہ دکاندار نے اُسے ثابت انڈے دیے تھے انڈے کیسے ٹوٹ گئے ثانیہ رونے لگی۔ اس کی امی نے اُسے چپ کروانے کے لیے ثمر دیئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ُث‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی جس میں وہ حرف ُپ‘ اور حرف ُث‘ میں سے حرف ُث‘ کی نشاندہی کریں گے بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں انھیں ثابت تربوز میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے ُث‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ثمر، ثابت، ثلث کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br><br>چاک<br>ورک شیٹ<br>(تربوز) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ُث‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ُث‘ کی نشاندہی کرنے پر |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ث' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ث' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ث' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ث' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ث' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ث' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے۔ 'ث' کی تصاویر دکھا کر اشیاء کے نام اور آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر ثلث کی تصویر چسپاں کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے یہ کیا ہے؟ بچوں کو اس کا نام بتائیے اور ابتدائی آواز بتائیے۔ ایک دائرے کو چار حصے میں کاٹ کر بچوں کو بتایا جائے گا دائرے کے ایک حصے کو مثلث کہتے ہیں۔ بچوں سے تختہ سیاہ/ سفید پر ب تا ث حروف پہیلی کے ذریعے لکھوائے جائیں گے۔ مثال کے طور پر میں ب خاندان کا ایک حرف ہوں۔ میرے اوپر تین نقطے آتے ہیں۔ میں کون ہوں؟ میں ب خاندان کا ایک حرف ہوں میرے اوپر ایک چھوٹی 'ط' آتی ہے میں کون ہوں؟ وغیرہ۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 17 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ثمر میں رنگ بھرنے اور 'ث' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20منٹ | ثلث کا فلیش کارڈ چارٹ پیپر قینچی کتاب صفحہ نمبر 17 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو لفظ ثابت کی ابتدائی آواز بنانے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ث' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ث' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ث' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>Sand Letters پر حرف ث کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | sand letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ث' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>ب تا ث حروف باری باری دکھا کر ان کے نام اور آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ث' پر پنسل پھیریے۔ | 2 منٹ | | |